رول نمبر: ____________

دستخط طالبہ: ______

KANZUL MADARIS BOARD

**سالانہ امتحان2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عالمیہ اول** پرچہ: **پہلا** مضمون: **الحدیث(مؤطاالإمام مالک)**

تاریخ: **12-02-2024** دن: **پیر** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکزامتحان: ____________ دستخط نگران مرکزامتحان: ____________ دستخط مفتشہ: ______

## حصہ اول: معروضی

## کثیرالانتخابی سوالات(MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25x1=25)**

سوال نمبر1: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنھا نے۔۔۔۔کے بالوں کا وزن کیا۔

(الف) امام حسن (ب) امام حسین (ج) دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر2: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنھا کی شہزادیاں۔۔۔۔ تھیں جنکا حدیث میں ذکر ہے۔

(الف) تین (ب) چار (ج) دو (د) ایک

سوال نمبر3: عقیقہ میں بالوں کے وزن کے برابر۔۔۔۔صدقہ کیا گیا۔

(الف) سونا (ب) دراہم (ج) اناج (د) چاندی

سوال نمبر4: عقیقہ میں لڑکے کی طرف سے۔۔۔۔ہے۔

(الف) ایک بکری (ب) دو بکریاں (ج) اختیار ہے (د) اناج

سوال نمبر5: عقیقہ عندالاحناف۔۔۔۔ہے۔

(الف) مستحب (ب) واجب (ج) فرض (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر6: عصفور کے معنی۔۔۔۔ہیں۔

(الف) بندر (ب) بکری (ج) مینڈھا (د) چڑیا

سوال نمبر7: "اِبنَی عَلی" کے معنی ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے۔۔۔۔

(الف) کئی بیٹے (ب) ایک بیٹا (ج) دو بیٹے (د) اولاد

سوال نمبر8: حضرت عروۃ رضی اللہ عنہ اپنی مذکر یا مونث اولاد کی طرف سے عقیقہ میں کرتے تھے۔

(الف) ایک بکری (ب) دو بکریاں (ج) اناج کا صدقہ (د) گائے

سوال نمبر9: روایت میں ہے "العقیقۃ بمنزلۃ۔۔۔"

(الف) النسک (ب) الضحایا (ج) النسک والضحایا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر10: عجفا کے معنی ہیں۔

(الف) توانا (ب) تندرست (ج) لنگڑا (د) لاغر

سوال نمبر11: عقیقہ کا گوشت اہل وعیال۔۔۔۔

(الف) نہیں کھا سکتے (ب) کھا سکتے ہیں (ج) صدقہ کرنا چاہیے (د) دعوت کرنی چاہیے

سوال نمبر12: "رضاعۃ" میں "را" پر۔۔۔۔ہے۔

(الف) فتحہ (ب) کسرہ (ج) ضمہ (د) تینوں

سوال نمبر13: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے رضاعی چچا کا نام۔۔۔ تھا۔

(الف) حامد (ب) حذیفہ (ج) افلح (د) اسود

سوال نمبر14: ابن عباس رضی اللہ عنھما کے نزدیک مُدت رضاعت۔۔۔ ہے۔

(الف) ایک سال (ب) تین سال (ج) ڈھائی سال (د) دو سال

سوال نمبر15: ابن عباس سے جو رضاعت کا مسئلہ معلوم کیا گیا تو اس شخص کی۔۔۔ بیویاں تھیں۔

(الف) ایک (ب) چار (ج) تین (د) دو

سوال نمبر16: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے نزدیک مقدار رضاعت۔۔۔ ہے۔

(الف) چند گھونٹ (ب) تین گھونٹ (ج) چار گھونٹ (د) دس گھونٹ

سوال نمبر17: ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کی بہن کا نام۔۔۔ تھا۔

(الف) فاطمہ بنت عمر (ب) فاطمہ اسدیہ (ج) جویریہ (د) ھندہ

سوال نمبر18: "بنات اخیھا" کے معنی ہیں۔

(الف) بھائی کی بیٹیاں (ب) پوتیاں (ج) نواسیاں (د) بھانجیاں

سوال نمبر19: حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ کے نزدیک مقدار رضاعت۔۔۔ ہے۔

(الف) دس گھونٹ (ب) پانچ گھونٹ (ج) تین قطرے (د) قطرۃ واحدۃ

سوال نمبر20: عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ مدت رضاعت و مقدار رضاعت میں۔۔۔ کے موافق کہتے تھے۔

(الف) ابن عباس رضی اللہ عنہ (ب) ابن عمر رضی اللہ عنہ (ج) سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر21: "المھد" کے معنی۔۔۔ ہیں۔

(الف) جھولا (ب) کھلونا (ج) قبر (د) تخت

سوال نمبر22: امام مالک علیہ الرحمۃ کے نزدیک مدت رضاعت۔۔۔ ہے۔

(الف) حول کامل (ب) حولین ونصف (ج) حولین (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر23: امام مالک علیہ الرحمۃ کے نزدیک مدت رضاعت کے بعد دودھ۔۔۔ کے قائم مقام ہے۔

(الف) پانی (ب) عام دودھ (ج) طعام (د) گوشت

سوال نمبر24: حضرت ابو حذیفہ رضی اللہ عنہ نے سالم کو۔۔۔ بنایا تھا۔

(الف) غلام (ب) متبنّی (ج) بھانجا (د) بھتیجا

سوال نمبر25: حضور ﷺ کے متبنیٰ تھے۔

(الف) حضرت علی رضی اللہ عنہ (ب) حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ (ج) حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ (د) یہ سب

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عالمیہ اول** | پرچہ: **پہلا** | مضمون: **الحدیث(مؤطاالإمام مالک)**

تاریخ: **12-02-2024** | دن: **پیر** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: "سئل رسول اللہ ﷺ عن العقیقہ فقال: "لا احب العقوق" اعراب لگاتے ہوئے ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 2: عقیقہ کرنے کا حکم بیان کیجئے اور عقیقہ کس دن ہونا چاہیے؟

سوال نمبر 3: "ویتصدقون منها و لا یمس الصبی بشیٔ من دمها" ترجمہ کیجئے نیز "و لا یمس الصبی بشیٔ من دمها" کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 4: رضاعت کے لغوی واصطلاحی معنی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: رضاعت سے ثابت ہونے والے احکام کا تعلق کیا وراثت وغیرہ سے ہے نیز رضاعت کی حرمت کس سے متعلق ہے؟

سوال نمبر 6: ان عبداللہ بن عمر کان یقول: "لا رضاعة الا لمن ارضع فی الصغر و لا رضاعة لکبیر" اعراب لگاتے ہوئے ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 7: رضاعت کبیر سے کیا مراد ہے اور کون اس کا قائل ہے؟

سوال نمبر 8: عندالاحناف رضاعت کی مقدار اور مدت رضاعت تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: "الغیلة" سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 10: حد کے لغوی واصطلاحی معنی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: آیت رجم کا ذکر کس قوم کی آسمانی کتاب میں تھا؟ قوم اور کتاب کا نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: شادی شدہ زانی کی اسلام میں کیا سزا ہے؟

سوال نمبر 13: زنا کا اقرار کرنے والا کتنی بار اقرار کے الفاظ ادا کرے؟

سوال نمبر 14: عسیف، جلد مائة اور تغریب عام کے معانی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 15: حد زنا جاری کرنے اور ثابت ہونے کے لئے کتنے امور ہیں جن میں سے ایک کا پایا جانا ضروری ہے؟

سوال نمبر 16: "اذا قامت البینة" البینة میں کن شرائط کا پایا جانا ضروری ہے؟

سوال نمبر 17: "سوط، محصن اور قاذورات" کے معنی و مراد بیان کیجئے۔

سوال نمبر 18: "ان رسول اللہ ﷺ سئل عن الامة اذا زنت و لم تحصن" اعراب و ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 19: غیر محصن زانی کی سزا کیا ہوتی ہے؟

سوال نمبر 20: ضفیر اور رقیق الخمس کے معانی تحریر کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: ان عبداللہ بن عیاش بن ابی ربیعة المخزومی قال: "امرنی عمر بن الخطاب فی فتة من قریش فجلدنا و لائدمن و لائد الامارة خمسین خمسین فی الزنا" ترجمہ کیجئے نیز لونڈی وغلام محصن وغیر محصن اگر زنا کرلیں تو ان کی سزا کیا ہوگی؟ مؤقف احناف وضاحت کے ساتھ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: "الامر عندنا فی المراۃ توجد حاملا و لا زوج لها" سے کون مراد ہے؟ اس پر حد جاری ہونے سے متعلق اختلاف ائمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: مالک عن هشام بن عروة عن ابیه انه قال فی رجل قذف قوما جماعة انه لیس علیه الا حد واحد قال مالک: "فان تفرقوا فلیس علیه الا حد واحد" اعراب، ترجمہ اور مسئلہ کی وضاحت قلمبند کیجئے۔

سوال نمبر 4: قال مالک فی الرجل یحل للرجل جاریته انه ان اصابها الذی احلت لا قومت علیه یوم اصابها حملت او لم تحمل و درئ عنه الحد بذالک فان حملت الحق به الولد" ترجمہ کیجئے نیز نفس مسئلہ تحریر کرتے ہوئے امام مالک اور امام اعظم کے مؤقف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: "عن عائشة رضی اللہ عنہا زوج النبی ﷺ انها قالت: "کان فیما انزل من القران عشر رضعات معلومات یحرمن ثم نسخن بخمس معلومات" ترجمہ کرتے ہوئے بتائیے کہ اس سے کیا مسئلہ ثابت ہورہا ہے اور اس سے کن حضرات نے استدلال کیا اور اس بارے میں مؤقف احناف کیا ہے؟

رول نمبر:_____________

درجہ: عالمیہ اول | پرچہ: دوسرا | مضمون: الحدیث(مؤطاالإمام محمد)

تاریخ: 13-02-2024 | دن: منگل | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

دستخط طالبہ:______

مرکزامتحان:___________ دستخط نگران مرکزامتحان:___________ دستخط مفتشہ:______

# حصہ اول: معروضی

## کثیرالانتخابی سوالات(MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25x1=25)**

سوال نمبر 1: امام محمد علیہ الرحمۃ۔۔۔ ہیں۔

(الف) ابن شہاب زہری (ب) ابن الحسین (ج) ابن الحسن (د) ابن انس

سوال نمبر 2: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اوقات صلوٰۃ بتانے میں نماز۔۔۔ سے ابتدا کی۔

(الف) فجر (ب) مغرب (ج) ظہر (د) عشاء

سوال نمبر 3: "اذا کان ظلک مثلیک" سے۔۔۔ کا وقت ابتدا ثابت ہو رہا ہے۔

(الف) نماز ظہر (ب) نماز مغرب (ج) نماز عشاء (د) نماز عصر

سوال نمبر 4: اسفار سے مراد ہے۔

(الف) سردی (ب) گرمی (ج) اندھیرا (د) روشنی

سوال نمبر 5: قُبا۔۔۔ کا نام ہے۔

(الف) محل (ب) جگہ (ج) گھوڑے (د) تلوار

سوال نمبر 6: بیضاء نقیۃ کا معنی ہے۔

(الف) سفید اور صاف (ب) ہلکا اندھیرا (ج) گدلا پن (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 7: سری نمازیں۔۔۔ ہیں۔

(الف) تین (ب) دو (ج) کوئی نہیں (د) ساری نمازیں

سوال نمبر 8: "صفرۃ" کے معنی ہیں۔

(الف) سفیدی (ب) زردی (ج) سیاہی (د) سرخی

سوال نمبر 9: ۔۔۔ کے نزدیک امام کے پیچھے قراءت کرنا مطلقا منع ہے۔

(الف) امام بخاری (ب) امام مسلم (ج) امام اعظم ابوحنیفہ (د) امام شافعی

سوال نمبر 10: نماز عشاء۔۔۔ نمازوں سے ہے۔

(الف) سری (ب) جہری (ج) منفرد کے لئے سری (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: خداج کے معنی۔۔۔ ہیں

(الف) نامکمل (ب) مکمل (ج) کامل (د) اکمل

سوال نمبر 12: عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نماز میں مقتدی کی قراءت کے۔۔۔

(الف) قائل ہیں (ب) قائل نہیں ہیں (ج) دونوں صورتوں کی اجازت (د) امام کی اجازت پر منحصر ہے۔

سوال نمبر13: جب بندہ **الحمدللہ رب العالمین** کہتا ہے تو اللہ فرماتا ہے اس نے میری۔۔۔

(الف) حمد بیان کی (ب) ثنا بیان کی (ج) عظمت بیان کی (د) بڑائی بیان کی

سوال نمبر14: نماز اللہ عزوجل اور۔۔۔کے درمیان منقسم ہے۔

(الف) فرشتے (ب) مخلوق (ج) بندے (د) جنات

سوال نمبر15: اعضّ کے معنی ہیں۔

(الف) سونا (ب) انگارہ (ج) پتھر (د) چبانا

سوال نمبر16: نماز خوف میں پہلا گروہ واپس آکر اپنی نماز۔۔۔ مکمل کرے گا۔

(الف) امام کے ساتھ (ب) امام کے بغیر (ج) قراءت کے بغیر (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17: **جمرۃ** کے معنی ہیں۔

(الف) قیمتی پتھر (ب) انگارہ (ج) درخت (د) ستارے

سوال نمبر18: ابواب۔۔۔ کی جمع ہے۔

(الف) بواب (ب) بابی (ج) بویب (د) بابؐ

سوال نمبر19: جنائز۔۔۔ ہے۔

(الف) واحد (ب) جمع (ج) مونث (د) معرفہ

سوال نمبر20: وقتِ وصال حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی موجود زوجہ کا نام۔۔۔ ہے۔

(الف) حضرت اسماء (ب) حضرت عاتکہ (ج) ھندہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر21: **یوم شدید البرد** کے معنی ہیں۔

(الف) گرمی کا دن (ب) بارش کا دن (ج) سخت سردی کا دن (د) خزاں کا دن

سوال نمبر22: بعدِ انتقال عورت کا اپنے شوہر کو غسل دینا۔۔۔ ہے۔

(الف) واجب (ب) جائز (ج) منع (د) ناجائز

سوال نمبر23: میت کو غسل دینے والے پر وضو کرنا۔۔۔ ہے۔

(الف) فرض (ب) واجب (ج) مستحب (د) منع

سوال نمبر24: مرد میت کے کفن کے کپڑوں میں قمیص، ازار اور۔۔۔ ہوتے ہیں۔

(الف) اوڑھنی (ب) سینہ بند (ج) لفافہ (د) تہبند

سوال نمبر25: **طائفتین** کے معنی ہیں۔

(الف) دو لوگ (ب) دو گروہ (ج) کئی گروہ (د) ایک گروہ

# حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: قال محمد رحمہ اللہ: "ھذا قول ابی حنیفۃ فی وقت العصر و کان یری الاسفار فی الفجر" اعراب جاری کرتے ہوئے ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 2: نماز عصر اور فجر کا مستحب وقت عند الاحناف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: "ان رسول اللہ ﷺ کان یصلی العصر و الشمس فی حجرتھا قبل ان تظھر" ترجمہ تحریر کیجئے اور یہ کس امام کے مؤقف کی دلیل ہے؟

سوال نمبر 4: امام مالک علیہ الرحمۃ کے نزدیک نماز خوف کا طریقہ کیا ہے؟ مختصراً تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: نماز عصر کی وجہ تسمیہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: سری و جہری نمازوں کے نام تحریر کیجئے نیز امام کے پیچھے قراءت کرنے میں مقتدی کے لئے کیا حکم ہے؟ مؤقف احناف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: "ان اباھریرۃ رضی اللہ عنہ قال: "اسرعوا بجنائزکم فانما ھو خیر تقدمونہ او شر تلقونہ عن رقابکم" ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: جنازے کے آگے اور پیچھے چلنے کے حوالے سے امام اعظم علیہ الرحمہ کا قول نقل کیجئے۔

سوال نمبر 9: "المیت لا یتبع بنار بعد موتہ او مجمرۃ فی جنازتہ" اعراب جاری کرتے ہوئے ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 10: نماز جنازہ پڑھنے والے کی طہارت کے حوالے سے امام محمد علیہ الرحمہ کا کیا مؤقف ہے؟

سوال نمبر 11: "ان رسول اللہ ﷺ نعی النجاشي في اليوم الذي مات فيه" ترجمہ تحریر کرتے ہوئے بتائیے کہ نجاشی کون تھا؟

سوال نمبر 12: حدیث شریف میں "الکنز" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 13: "ان ابن عمر رضی اللہ عنہما کان یبعث بزکاۃ الفطر الی الذی تجمع عندہ قبل الفطر بیومین او ثلاثۃ" ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: حضور ﷺ نے کون سا حج ادا فرمایا؟ نیز حج کی اقسام کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: یوم النحر، ثائر الراس اور یوم ترویہ کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 16: حج افراد اور دیگر اقسام حج میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 17: "الصلوۃ علی المیت بعد ما یدفن" سے کیا مراد ہے؟ اور اس کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: عن ابن عمر رضی اللہ عنہما انہ قال: "لا تبکوا علی موتاکم فان المیت یعذب ببکاء اھلہ علیہ" ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: حدیث کی روشنی میں بتائیں کہ حضور ﷺ نے قبروں کو مسجد بنانے کے سبب کون سی قوم پر لعنت فرمائی اور مسجد بنانے سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 20: حضور ﷺ کے ساتھ حج کرنے والے صحابہ علیہم الرضوان نے کون کون سے احرام کی نیت فرمائی تھی؟ وضاحت کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: ان ابن عمر رضی اللہ عنہما کان اذا سئل عن صلاۃ الخوف قال: "یتقدم الامام و طائفۃ من الناس فیصلی لھم" اعراب جاری کرتے ہوئے ترجمہ کیجئے نیز صلاۃ الخوف کا مکمل طریقہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: "الصلاۃ علی الجنازۃ فی المسجد" کی مختلف صورتیں تحریر کرتے ہوئے اس کا حکم مع دلیل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: نماز جنازہ کی تکبیرات کی تعداد عند الاحناف کتنی ہے اور اس بارے میں احناف کس صحابی کے قول کو اختیار کرتے ہیں؟ نیز غائبانہ نماز جنازہ کا حکم عند الاحناف تحریر کرتے ہوئے حضور ﷺ کے غائبانہ نماز جنازہ ادا فرمانے کا احناف نے جو جواب دیا ہے وہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: قال رسول اللہ: "لا ینکح المحرم و لا یخطب و لا ینکح" اعراب جاری کرتے ہوئے ترجمہ کیجئے نیز "لا ینکح المحرم" کی وضاحت کرتے ہوئے احناف کا مؤقف مع دلیل قلمبند کیجئے۔

سوال نمبر 5: عن عبد اللہ بن عمر ان عمر بن الخطاب قال: "افصِلوا بین حجکم و عمرتکم فانہ اتم لحج احدکم و اتم لعمرتہ ان یعتمر فی غیر اشھر الحج" ترجمہ کیجئے نیز "افصلوا بین حجکم و عمرتکم" کی وضاحت کرتے ہوئے اشھر الحج کے نام تحریر کیجئے۔

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ
کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: عالیہ اول | پرچہ: تیسرا | مضمون: علوم الحدیث
تاریخ: 14-02-2024 | دن: بدھ | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25
مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط ممتحن: ______

رول نمبر: ______________
دستخط طالبہ: ______

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی
## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: نخبۃ الفکر کے مصنف کا نام۔۔۔ہے۔

(الف) علی بن احمد (ب) علی بن محمد (ج) محمد بن علی (د) احمد بن علی

سوال نمبر 2: طریق متن کو حکایت کرنا۔۔۔ہے۔

(الف) خبر (ب) سند (ج) اسناد (د) ب اور ج دونوں

سوال نمبر 3: جو سنت نبوی کا شغل رکھتا ہوا سے کہا جاتا ہے۔

(الف) حادث (ب) محدث (ج) اخباری (د) مخبور

سوال نمبر 4: ۔۔۔میں رجال پر بحث نہیں کی جاتی ہے۔

(الف) متواتر (ب) مشہور (ج) عزیز (د) غریب

سوال نمبر 5: فن۔۔۔کے علماء کے نزدیک خبر، حدیث کے مترادف ہے۔

(الف) نحو (ب) صرف (ج) حدیث (د) اخبار

سوال نمبر 6: ۔۔۔وہ ہے جسکی سند سقوط سے محفوظ ہو۔

(الف) مرسل (ب) معلق (ج) منقطع (د) متصل

سوال نمبر 7: کثرت طرق سے حدیث حسن پر۔۔۔کا حکم لگایا جاتا ہے۔

(الف) صحیح لذاتہ (ب) صحیح لغیرہ (ج) دونوں الف، ب (د) ضعیف

سوال نمبر 8: فرد کا اکثر اطلاق۔۔۔پر ہوتا ہے۔

(الف) فرد نسبی (ب) فرد مطلق (ج) الف اور ب دونوں (د) غریب

سوال نمبر 9: غریب کی۔۔۔قسمیں ہیں۔

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 2 (د) 1

سوال نمبر 10: جہاں صحیح لذاتہ کے نقصان کی تلافی نہ کی گئی ہو وہ۔۔۔ہے۔

(الف) حسن لذاتہ (ب) صحیح لغیرہ (ج) مُعَلَّل (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: صحیح لذاتہ میں نقصان کی تلافی۔۔۔کے ذریعے کی گئی ہو تو وہ صحیح ہے لیکن لذاتہ نہیں۔

(الف) صحت (ب) دلائل (ج) کثرت طرق (د) قرائن

سوال نمبر 12: وہ اعتقاد جازم جو واقع کے مطابق ہو وہ۔۔۔ہے۔

(الف) اعتقاد (ب) اعتبار (ج) لحاظ (د) یقین

سوال نمبر13: جس حدیث کے راوی دو ہوں دو سے کم نہ ہوں وہ۔۔۔ہے۔

(الف) غریب (ب) عزیز (ج) مشہور (د) فرد

سوال نمبر14: صحیح حدیث کے مراتب میں تفاوت اس کے۔۔۔میں تفاوت کی وجہ سے ہے۔

(الف) اوصاف (ب) اوقات (ج) اقدار (د) رواۃ

سوال نمبر15: لغت میں۔۔۔وہ ہے جسمیں کوئی علت ہو۔

(الف) مسبّب (ب) معلل (ج) محقق (د) مقدر

سوال نمبر16: ۔۔۔حدیث پر بلا بحث عمل واجب ہے۔

(الف) موجود (ب) مقبول (ج) مشہور (د) متواتر

سوال نمبر17: ۔۔۔ہونا صحیح ہونے کیلیئے شرط نہیں۔

(الف) معلل (ب) ضعیف (ج) عزیز (د) غریب

سوال نمبر18: تقوی سے مراد اعمال۔۔۔سے بچنا ہے۔

(الف) سیئہ (ب) حسنہ (ج) جدیدہ (د) معدومہ

سوال نمبر19: طُرُق۔۔۔کی جمع ہے۔

(الف) طارق (ب) طریق (ج) طرقات (د) طرف

سوال نمبر20: ہر۔۔۔مشہور ہوگی۔

(الف) عزیز (ب) غریب (ج) مرفوع (د) متواتر

سوال نمبر21: خبر۔۔۔علم یقین کا فائدہ دیتی ہے۔

(الف) مشہور (ب) مرفوع (ج) متواتر (د) موقوف

سوال نمبر22: ضبط کی۔۔۔قسمیں ہیں۔

(الف) 4 (ب) 3 (ج) 2 (د) 9

سوال نمبر23: ۔۔۔سے مراد وہ ملکہ ہے جو التزامِ تقوی اور مروت پر قائم ہو۔

(الف) ضبط (ب) عدل (ج) عادل (د) ضابط

سوال نمبر24: ضبط سے مراد یہ ہے کہ۔۔۔ہوئی بات اسطرح یاد رکھے کہ جب چاہے اسکا استحضار کرسکے۔

(الف) سوچی (ب) بولی (ج) دیکھی (د) سنی

سوال نمبر25: راجح کا نام محفوظ ہے اور اسکے مقابل۔۔۔ہے۔

(الف) شاذ (ب) منکر (ج) معلل (د) معروف

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عالمیہ اول** | پرچہ: **تیسرا** | مضمون: **علوم الحدیث**

تاریخ: **14-02-2024** | دن: **بدھ** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: نخبۃ الفکر کا سبب تالیف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: شاہد و اعتبار کی تعریف ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 3: "ثم المردود امّا ان یکون" کسی حدیث کے مردود ہونے کی وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: "من لقی النبی ﷺ مؤمنا به ومات علی الاسلام" صحابی کی تعریف میں لقاء سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 5: ارباب حدیث کے نزدیک فن اصول حدیث کے کوئی 6 اہم امور تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: مراتب جرح بیان کیجئے۔

سوال نمبر 7: ادائیگی کے صیغوں میں راوی جمع کا صیغہ استعمال کرے تو یہ کس بات کی دلیل ہے؟

سوال نمبر 8: "عنعنة المعاصر" سماع پر کب محمول ہوتی ہے؟

سوال نمبر 9: "روایۃ الاقران" اور روایۃ المرجح کی تعریفات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: اثر کے لغوی معنی بیان کرتے ہوئے بتائیں لفظ اثر کا اطلاق حدیث کی کن اقسام پر کیا جاتا ہے؟

سوال نمبر 11: متفق و مفترق کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: سند کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 13: صحیح میں علیا پر کونسی حدیث ہے؟

سوال نمبر 14: مجہول الحال کا دوسرا نام کیا ہے؟

سوال نمبر 15: سوء حفظ کی اقسام مع تعریفات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: خبر واحد کے لغوی و اصطلاحی معنی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 17: متن اور ماتن کا نام بیان کیجئے۔

سوال نمبر 18: "المتواتر المفید للعلم الیقینی بشروطه" متواتر کی شرائط اربعہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: "زیادۃ راویھما مقبولۃ" میں ھما ضمیر کا مرجع بیان کرتے ہوئے مقبولیت کی صورت تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: "المشھور وھو المستفیض علی رأی" مشہور و مستفیض میں فرق بیان کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: "الخبر اما ان یکون له طرق" طرق کے اعتبار سے خبر کی اقسام مع تعریفات بیان کرکے عبارت پر اعراب جاری کیجئے۔

سوال نمبر 2: علو مطلق و علو نسبی کی تعریفات ذکر کرتے ہوئے علو نسبی کی تمام اقسام کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 3: سند کے منتھی الیه کے لحاظ سے حدیث کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ تعریفات بھی ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 4: فرد مطلق و فرد نسبی کی تعریف کرتے ہوئے ان کے مابین فرق بیان کیجئے نیز فرد کا دوسرا نام ذکر کرکے اسکی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: شاذ، محفوظ، منکر، معروف کی تعریفات ذکر کیجئے۔

رول نمبر: ____________

درجہ: عالمیہ اول | پرچہ: چوتھا | مضمون: العقیدہ

تاریخ: 15-02-2024 | دن: جمعرات | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

دستخط طالبہ: ______

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط ممتحن: ______

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی
## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: امام ابو القاسم محمد بن احمد جزی کا سن پیدائش۔۔۔ ہجری ہے۔

(الف) 690 (ب) 691 (ج) 692 (د) 693

سوال نمبر 2: النور المبین۔۔۔ قواعد اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے۔

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 6

سوال نمبر 3: النور المبین۔۔۔ مقاصد پر لکھی گئی۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 4: صنائع۔۔۔ اقسام پر ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 5: امام ابو القاسم محمد بن احمد جزی کا وصال 741 ہجری میں مقامِ۔۔۔ میں ہوا۔

(الف) غرناطہ (ب) یمن (ج) بخارا (د) طریف

سوال نمبر 6: النور المبین کا دوسرا قاعدہ۔۔۔ کے متعلق عقائد کے بارے میں ہے۔

(الف) رب تعالیٰ (ب) دارِ آخرت (ج) جنت (د) انبیاء، ملائکہ، ائمہ و صحابہ

سوال نمبر 7: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا نام۔۔۔ ہے۔

(الف) آمنہ (ب) فاطمہ (ج) مریم (د) ھندہ

سوال نمبر 8: "ان الخیر من النور و الشر من الظلمۃ" یہ قول۔۔۔ کا ہے۔

(الف) نصاریٰ (ب) یہود (ج) عبدۃ الاصنام (د) مجوس

سوال نمبر 9: ۔۔۔ کو نبی ﷺ نے مباہلہ کی دعوت دی۔

(الف) یہود (ب) نصاریٰ (ج) مجوس (د) عبدۃ الاصنام

سوال نمبر 10: ۔۔۔ حیاۃ، قدرت اور ارادے سے متصف نہیں ہے۔

(الف) جنات (ب) انسان (ج) مجوس (د) طبیعت

سوال نمبر 11: "القائم علی کل شیء قدرۃ و احاطۃ" ۔۔۔ کا معنی ہے۔

(الف) بَصیرٌ (ب) حَیٌّ (ج) وَدُوْدٌ (د) قیومٌ

سوال نمبر 12: جو اللہ تعالیٰ کے۔۔۔ نام یاد کرلے اللہ پاک اُسے جنت میں داخل فرمائے گا۔

(الف) 99 (ب) 100 (ج) 200 (د) 299

سوال نمبر13: الغوب کے معنی۔۔۔ ہیں۔

(الف) جلن　(ب) تھکاوٹ　(ج) سردی　(د) پریشانی

سوال نمبر14: قرآنِ پاک پیارے آقا ﷺ کی نبوت کی صحت پر۔۔۔ وجوہ سے دلیل ہے۔

(الف)9　(ب)10　(ج)11　(د)12

سوال نمبر15: سورۃ۔۔۔ کی آخری آیات کی تلاوت سوائے موت کے ہر بیماری سے شفاء ہے۔

(الف) فاتحہ　(ب) واقعہ　(ج) حشر　(د) اخلاص

سوال نمبر16: بعض علماء نے کہا: پیارے آقا ﷺ کے معجزات کی تعداد۔۔۔ تک ہے۔

(الف)1100　(ب)1000　(ج)1200　(د)1500

سوال نمبر17: پیارے آقا ﷺ کے معجزات۔۔۔ قسموں پر ہیں۔

(الف)4　(ب)3　(ج)2　(د)5

سوال نمبر18: وہ راہب جس نے پیارے آقا ﷺ کی صغر سنی میں آپکو پہچان لیا تھا اس کا نام۔۔۔ ہے۔

(الف) سطیح　(ب) بحیرا　(ج) خناضر　(د) سواد

سوال نمبر19: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو۔۔۔ نے خلیفہ بنایا۔

(الف) حضرت ابوہریرہ　(ب) حضرت علی　(ج) حضرت ابوبکر　(د) حضرت عبدالرحمٰن بن عوف

سوال نمبر20: بے شک تم سے پہلے لوگ۔۔۔ اور انبیاء علیہم السلام کی مخالفت کے سبب ہلاک ہوئے۔

(الف) کثرت مال　(ب) کثرت آل　(ج) کثرت جلال　(د) کثرت سوال

سوال نمبر21: مخالفین 2 قسموں پر ہیں۔ کفار اور۔۔۔

(الف) منافق عملی　(ب) یہودی　(ج) بدعتی　(د) نصارٰی

سوال نمبر22: وسوسوں کی بیماری کی دوا قرآن وسنت میں۔۔۔ چیزیں ہیں۔

(الف)3　(ب)4　(ج)5　(د)6

سوال نمبر23: النور المبین 28۔۔۔ 981 ہجری میں مکمل ہوئی۔

(الف) شوال المکرم　(ب) ذوالقعدہ الحرام　(ج) ذوالحجۃ الحرام　(د) محرم الحرام

سوال نمبر24: قرآن پاک کی تلاوت، اس کی آیات میں غور و فکر اور معانی کا فہم۔۔۔ کو روشن کرتا ہے۔

(الف) دلوں　(ب) اذہان　(ج) صورت　(د) لوگوں

سوال نمبر25: "یقتل فیھا ھذا مظلوما" یہ پیارے آقا ﷺ نے۔۔۔ کے لئے فرمایا تھا۔

(الف) حضرت امیر حمزہ　(ب) حضرت عمر　(ج) حضرت عثمان　(د) حضرت علی

| | | |
|---|---|---|
| KANZUL MADARIS BOARD | **سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ پاکستان<br>درجہ: عالمیہ اول — پرچہ: چوتھا — مضمون: العقیدہ<br>تاریخ: 15-02-2024 — دن: جمعرات — کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ — کل نمبر: 75 | رول نمبر: ______________<br>جوابی کاپی نمبر: ____________ |

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔(15x3=45)**

سوال نمبر 1: موجودات کا خالق اللہ تعالیٰ ہی ہے کسی ایک آیت قرآنی سے ثابت کیجئے۔

سوال نمبر 2: توحید کے کیا معنی ہیں؟

سوال نمبر 3: حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے متعلق عقیدہ اہلسنت کیا ہے؟

سوال نمبر 4: طبیعت کی تاثیر کے عقیدہ کا رد کسی ایک وجہ سے ثابت کیجئے۔

سوال نمبر 5: قرآن و حدیث میں وارد ہونے والے ایسے الفاظ جن سے مشابہت کا وھم پیدا ہوتا ہے ان کے بارے میں ایک مسلمان کا کیا عقیدہ ہونا چاہئے؟

سوال نمبر 6: بعثتِ انبیاء کرام علیہم السلام کی کوئی 1 حکمت تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: ملائکہ پر ایمان لانے کا حکم مع دلیل تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: خلفاءِ راشدین سے متعلق مذہب اہلسنت تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی مدد و حفاظت کے لئے کن کو بھیجا؟

سوال نمبر 10: مشاجراتِ صحابہ سے متعلق ہم پر کیا لازم ہے؟

سوال نمبر 11: مرنے کے بعد دوبارہ اٹھایا جانا امر ممکن ہے؛ کسی ایک وجہ سے ثابت کیجئے۔

سوال نمبر 12: قیامت کے دن ہونے والے معاملات پر ایمان کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: جنت و دوزخ کیا ہیں؟

سوال نمبر 14: جنت میں رؤیت باری تعالیٰ سے متعلق دلیل دیجئے۔

سوال نمبر 15: دوزخ میں جانے والے مؤمنین کیا وہاں ہمیشہ رہیں گے؟

سوال نمبر 16: النور المبین کے قواعد ثلاثہ کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: فرشتوں کے کام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: تخلیق انسانی کے مراحل مختصراً تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: پیارے آقا ﷺ کی بعثت کن لوگوں کی طرف ہوئی؟

سوال نمبر 20: بت پرستوں کے دین کے رد کی کوئی 1 وجہ تحریر کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔(3x10=30)**

سوال نمبر 1: ان قیل: ماالدلیل علی ان الصنائع تفتقر الی صانع و لا نصنع ھی انفسھا فالجواب من ثلاثۃ اوجہ "صنائع صانع کی محتاج ہیں کسی 2 وجوہات سے ثابت کیجئے۔

سوال نمبر 2: "والدلیل علی وحدانیتہ من وجوہ کثیرۃ" توحیدِ باری تعالیٰ پر کوئی 2 وجوہات بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: کوئی 4 صفات جن سے رب تعالیٰ متصف ہے مع دلیل بیان کیجئے۔ یا کوئی 4 صفات جن سے رب تعالیٰ منزہ ہے مع دلیل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: "ومنھم من ینکر نبوتہ لانہ کان عربیا و لم یکن من بنی اسرائیل" مذکورہ قول میں کس فرقہ کا ذکر ہے؟ نیز ان کے اس کھلی جہالت والے قول کا باطل ہونا کسی 2 وجوہات سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: "وجاء ایضاً ذکر امور تکون بین یدی القیامۃ وھی اشراطھا" وہ امور جو موت سے لے کر قیامت کے درمیان ہوں گے ان پر ایمان لانے کا حکم بیان کرتے ہوئے عذابِ قبر اور علاماتِ قیامت کے ثبوت پر کوئی ایک ایک دلیل تحریر کیجئے۔

# حصہ اول: معروضی
## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: سورۃ لہب ۔۔۔کی بات کے جواب میں نازل ہوئی۔

(الف) ابو جہل　(ب) ابو لہب　(ج) عتبہ　(د) شیبہ

سوال نمبر 2: تاریخ اسلام کی تدوین ۔۔۔کے گرد گھومتی ہے۔

(الف) مؤرخین　(ب) فقہاء کرام　(ج) سیرت نبوی　(د) محدثین

سوال نمبر 3: اسلام کی آمد سے کچھ قبل ۔۔۔کی سلطنت عروج پر تھی۔

(الف) فارس اور روم　(ب) یونان اور ہندوستان　(ج) شام و مصر　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 4: حضرت صالح علیہ السلام کی قوم کے ۔۔۔لوگ ایمان لائے۔

(الف) متکبر　(ب) سرکش　(ج) امیر　(د) نحیف و نادار

سوال نمبر 5: آقا کریم ﷺ نے ساری انسانیت کے لیے بنفس نفیس ۔۔۔پیش کیا۔

(الف) مقتدا　(ب) حاکم وقت　(ج) نبی مرسل　(د) سیاسی رہنما

سوال نمبر 6: قریش کا وفد جو مال و دولت و دیگر چیزوں کا لالچ دینے آیا؛ ان کے جواب میں ۔۔۔ نازل ہوئی۔

(الف) سورہ ناس　(ب) سورہ کافرون　(ج) سورہ فلق　(د) سورۃ الحجر

سوال نمبر 7: انیسوی صدی میں ۔۔۔ملک عالم اسلام کا مرکز تھا۔

(الف) یمن　(ب) فلسطین　(ج) شام　(د) مصر

سوال نمبر 8: دعوت اسلام کی ترویج ۔۔۔قوم کے ذریعے ہوئی۔

(الف) ایرانی　(ب) یونانی　(ج) عربی　(د) رومی

سوال نمبر 9: کیا نظریہ ذاتی کے تحت سیرت کی تدوین ۔۔۔ہے۔

(الف) درست　(ب) غلط　(ج) مناسب　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 10: بعد میں آنے والے سیرت نگاروں میں سر فہرست ۔۔۔ہیں۔

(الف) ابن شہاب زہری　(ب) وھب بن منبہ　(ج) ابن ہشام　(د) محمد بن اسحاق

سوال نمبر 11: اسلام سے کچھ قبل ۔۔۔کی سرزمین پر سکون تھا۔

(الف) روم　(ب) یونان　(ج) جزیرہ عرب　(د) ہندوستان

سوال نمبر 12: کریم آقا ﷺ کے قریبی رشتہ داروں کو ڈر سنانے والی آیت ۔۔۔میں ہے۔

(الف) سورۃ الشعراء (ب) سورۃ الحجرات (ج) سورۃ الحجر (د) سورۃ الضحیٰ

سوال نمبر 13: ابتداءً اسلام میں داخل ہونے والوں کی تعداد۔۔۔ تھی۔

(الف) 40 (ب) 50 (ج) 35 (د) 60

سوال نمبر 14: جزیرہ عرب کو اسلام کا مرکز بنانے کی حکمت۔۔۔ ہے۔

(الف) بیت الحرام (ب) جغرافیائی حالت (ج) خطہ عرب کی عربی (د) یہ تمام

سوال نمبر 15: جو تکالیف و مصائب راہ حق میں آتے ہیں وہ۔۔۔ قریب کرتے ہیں۔

(الف) رسول اللہ کے (ب) اللہ عزوجل کے (ج) منزل کے (د) رستہ کے

سوال نمبر 16: دنیا میں اللہ تعالیٰ کے بندوں پر۔۔۔ امور کو اختیار کرنا لازمی ہے۔

(الف) 4 (ب) 3 (ج) 2 (د) 5

سوال نمبر 17: فقہ السیرہ کے تیسرے باب میں سیرت کے حصہ۔۔۔ کا ذکر مبارک ہے۔

(الف) ولادت سے بعثت (ب) جنگوں (ج) جدید معاشرے کی بنیاد (د) بعثت سے ہجرت

سوال نمبر 18: اعلانیہ دعوت اسلام کا حکم۔۔۔ میں ہے۔

(الف) سورہ ماعون (ب) سورہ قریش (ج) سورہ الحجر (د) سورہ آل عمران

سوال نمبر 19: شافع محشر کی دعوت اسلام۔۔۔ کے لیے تھی۔

(الف) صرف جزیرہ عرب (ب) مکہ و مدینہ (ج) سارے عجم (د) سارے عرب و عجم

سوال نمبر 20: عقیدہ۔۔۔ قائم ہوتا ہے۔

(الف) حکم الٰہی کی بنیاد پر (ب) دلائل کی بنیاد پر (ج) عقل سلیم اور منطق کی بنیاد پر (د) حکم رسول کی بنیاد پر

سوال نمبر 21: کچھ عرصہ وحی رکنے کی وجوہات تھیں۔

(الف) تاکہ خوف نہ ہو (ب) وحی سے مانوس ہو (ج) طبیعت پر گراں نہ ہو (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 22: اعلانیہ دعوت اسلام پر قریش کا رد عمل تھا۔

(الف) قبول کیا (ب) تمام نے انکار کیا (ج) بعض نے انکار کیا (د) بعض نے قبول کیا

سوال نمبر 23: اسلامی معاشرے میں امام اور حاکم وقت کے لیے۔۔۔ کا جاننا ضروری ہے۔

(الف) علم فلسفہ (ب) دنیاوی علوم (ج) علم دین (د) علم منطق

سوال نمبر 24: تقالید کے معنی۔۔۔ ہیں۔

(الف) قدیم رسوم و روایات (ب) کسی قوم کی عادات (ج) تقلید کرنا (د) پیروی کرنا

سوال نمبر 25: دعوت اسلامیہ۔۔۔ مراحل سے گزری۔

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 2

# حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: سیرت نبوی کی صحت کا دار و مدار کس بات پر ہے؟

سوال نمبر 2: عربی زبان کو دعوت اسلام کی ترویج کا ذریعہ بنانے کی کیا حکمت ہے؟

سوال نمبر 3: نظریہ ذاتی کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

سوال نمبر 4: دعوت اسلامیہ کے مراحل تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: اسلام کی پہلی ہجرت کے سر فہرست مہاجرین کے نام بتائیے۔

سوال نمبر 6: سیرت نبوی کے موضوع پر کتاب لکھنے والے ابتدائی 3 مصنفین کے نام بالترتیب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: اقتصادی مقاطعہ کے کوئی تین معاہدے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: تعلیم اسلام کے لیے حضور کی بارگاہ نیاز میں آنے والا پہلا گروہ کن لوگوں پر مشتمل تھا؟

سوال نمبر 9: عام الحزن کو عام الحزن کہنے کی حقیقی وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: جنات کے وجود پر حدیث کریمہ سے کوئی ایک دلیل تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: توسل اور تبرک کا کیا مطلب ہے؟

سوال نمبر 12: دعوت اسلامیہ کے ابتدائی 3 سالوں میں کتنے مرد و عورتوں نے اسلام قبول کیا؟

سوال نمبر 13: نبی کریم ﷺ کی ہجرتِ طائف کی بنیادی وجہ کیا تھی؟

سوال نمبر 14: اللہ تعالیٰ نے آقا ﷺ کو اپنے رشتہ داروں کو دعوت دینے کا علیحدہ حکم دیا۔ اس میں کیا حکمت تھی؟

سوال نمبر 15: کیا مسلمانوں نے فارس و روم کی تخت نشینی اور دولت کے طمع کے لیے اسلام قبول کیا؟

سوال نمبر 16: روئے زمین پر پہلا دار الاسلام کب وجود میں آیا؟

سوال نمبر 17: مسجد تعمیر کرنے کی کیا حکمت ہے؟

سوال نمبر 18: آقا کریم ﷺ نے جو صحابہ کے مابین اخوت کا رشتہ قائم فرمایا اس کی 3 مثالیں تحریر فرمائیے۔

سوال نمبر 19: تبرک اقدس ﷺ کا کوئی ایک واقعہ تحریر فرمائیے۔

سوال نمبر 20: دار الحرب سے کیا مراد ہے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: حضور ﷺ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پیغام میں کتنا گہرا تعلق تھا؟

سوال نمبر 2: کریم آقا ﷺ کی بعثت خطہ عرب میں ہی کیوں ہوئی؟

سوال نمبر 3: اسلامی معاشرے اور اسلامی ریاست کے قیام کے لیے کون کون سی بنیادوں کا ہونا ضروری ہے؟ کسی ایک بنیاد کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 4: انبیاء کرام کے متبعین عام طور پر غریب اور نادار لوگ کیوں ہوتے تھے؟

سوال نمبر 5: بیعت عقبہ ثانیہ پر نوٹ تحریر کیجئے۔

رول نمبر: ____________

دستخط طالبہ: ______

KANZUL MADARIS BOARD

**سالانہ امتحان2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عالمیہ اول** پرچہ: **چھٹا** مضمون: **الفرائض**

تاریخ: **19-02-2024** دن: **پیر** کل وقت: **30منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط مفتشہ: ______

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات(MCQ’s)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25=25x1)**

سوال نمبر1: میت کا کفن دفن میت کے ۔۔۔سے کیا جائے گا۔

(الف) اہل علاقہ سے (ب) بیت المال سے (ج) مال سے (د) رشتہ داروں سے

سوال نمبر2: وصیت ۔۔۔مال سے پوری کی جائے گی۔

(الف) کل (ب) نصف (ج) تہائی (د) آٹھویں حصہ

سوال نمبر3: کفن سنت مرد کے لیے ۔۔۔کپڑے ہیں۔

(الف) 5 (ب) 3 (ج) 1 (د) 4

سوال نمبر4: عصبات میں سب سے پہلے مال عصبہ۔۔۔کو دیا جاتا ہے۔

(الف) عصبہ سببی کے مذکر رشتہ دار (ب) سببی (ج) نسبی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر5: اگر عصبات نہ ہو تو مال۔۔۔کو دیا جائے گا۔

(الف) ذی فرض (ب) ذی رحم (ج) فقراء (د) بیت المال

سوال نمبر6: "مقر لہ بالنسب علی الغیر" کو مال ملتا ہے اگر۔۔۔نہ ہو۔

(الف) وصیت (ب) بیت المال (ج) مولی الموالات (د) فقراء

سوال نمبر7: وارث کا۔۔۔ مورث سے الگ ہو تو وارث وراثت سے محروم ہو جائے گا۔

(الف) وطن (ب) مذہب (ج) دونوں (د) ان میں کوئی نہیں

سوال نمبر8: فرض حصہ پانے والے مرد کل۔۔۔ہیں۔

(الف) 4 (ب) 8 (ج) 2 (د) 3

سوال نمبر9: باپ کے۔۔۔احوال ہیں۔

(الف) 3 (ب) 2 (ج) 4 (د) 1

سوال نمبر10: ماں شریک بھائی اگر ایک ہو تو اسے ۔۔۔حصہ ملتا ہے۔

(الف) آدھا (ب) دو تہائی (ج) چھٹا (د) تہائی

سوال نمبر11: بیوی کے۔۔۔احوال ہیں۔

(الف) 1 (ب) 2 (ج) 4 (د) 3

سوال نمبر12: میت نے بیٹوں کے ساتھ بہنیں چھوڑی تو بہنیں۔۔۔بنیں گی۔

(الف) محروم (ب) ذی فرض (ج) ذی رحم (د) عصبہ

سوال نمبر13: باپ۔۔۔دادیوں کو محروم کردے گا۔

(الف)ماں کی طرف کی (ب)اپنی طرف کی (ج)دونوں طرف کی (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14: عصبہ بنفسہ کی۔۔۔اقسام ہیں۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

سوال نمبر15: اصول میت سے مراد۔۔۔ہے۔

(الف) باپ کی اولاد (ب) دادا کی اولاد (ج) اپنی اولاد (د) باپ، دادا

سوال نمبر16: پھوپھی۔۔۔ہوتی ہے۔

(الف) ذی فرض (ب) عصبہ مع غیرہ (ج) محروم (د) ذی رحم

سوال نمبر17: شوہر کے احوال ہیں۔

(الف)1 (ب)3 (ج)4 (د)2

سوال نمبر18: کوئی وارث دوسرے کے حصے کو بالکل ختم کردے تو یہ۔۔۔کہلاتا ہے۔

(الف) حجب (ب) منع (ج) حجب حرمان (د) حجب نقصان

سوال نمبر19: وہ ورثاء جو کسی طرح محروم نہیں ہوتے وہ۔۔۔ہیں۔

(الف)6 (ب)3 (ج)4 (د)7

سوال نمبر20: باپ کے ہوتے ہوئے۔۔۔محروم ہو جاتا ہے۔

(الف) چچا (ب) ماموں (ج) دادا (د) نانا

سوال نمبر21: آدھا۔۔۔کو کہتے ہیں۔

(الف) $\frac{2}{6}$ (ب) $\frac{1}{2}$ (ج) $\frac{2}{3}$ (د) $\frac{1}{4}$

سوال نمبر22: اگر کسی مسئلہ میں چوتھائی آئے مسئلہ۔۔۔سے بنے گا۔

(الف) تین (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

سوال نمبر23: اگر پہلی قسم کا ثمن یعنی آٹھواں حصہ دوسری قسم کے ساتھ آئے مسئلہ۔۔۔سے بنے گا۔

(الف)8 (ب)12 (ج)4 (د)24

سوال نمبر24: 12 کا عول۔۔۔تک ہوتا ہے۔

(الف)20 (ب)18 (ج)17 (د)15

سوال نمبر25: گیارہ اور پندرہ میں نسبت۔۔۔ہے۔

(الف) تداخل (ب) تماثل (ج) تباین (د) توافق

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنز المدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عالمیہ اول** | پرچہ: **چھٹا** | مضمون: **الفرائض**

تاریخ: **19-02-2024** | دن: **پیر** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

# حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: مالِ میت کے مصارف کتنے اور کونسے ہیں؟ نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: نسب والے عصبہ کون ہوتے ہیں؟

سوال نمبر 3: وراثت سے محروم کرنے والی چیزوں کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: ماں شریک بہن بھائیوں کے احوال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: ماں کے احوال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: فرض حصہ پانے والے وارثوں میں سے مرد اور عورتوں کی تعداد تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: عصبہ بنفسہ کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: میت نے بیوی اور ایک بیٹا چھوڑا مسئلہ کس طرح حل ہوگا؟

سوال نمبر 9: عول کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: اگر 2 بیویوں کو 630 حصے ملیں تو ہر ایک کا حصہ کتنا ہوگا؟ وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 11: بیت المال سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 12: (ماں، 2 بیٹیاں) مسئلہ حل کیجئے۔

سوال نمبر 13: ذی رحم کون لوگ ہوتے ہیں؟

سوال نمبر 14: پوتی کی بیٹی اور نواسی کا بیٹا ہو تو کس کو کتنا حصہ ملے گا اور کیوں؟

سوال نمبر 15: حمل میت کے علاوہ کسی کا ہے تو وارث قرار پانے میں کتنی مدت میں وضع حمل کا اعتبار ہوگا؟

سوال نمبر 16: مرتد کون ہوتا ہے؟

سوال نمبر 17: مفقود کی موت کا حکم کب دیا جائے گا؟ وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 18: مفقود کے اپنے مال کے حق میں اسے کیا تصور کیا جائے گا؟

سوال نمبر 19: اگر شہر کے تمام لوگ ایک ساتھ مرتد ہوگئے تو میراث کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 20: ایک کنبہ کے لوگ ایک ساتھ اچانک مر جائیں تو کیا حکم ہے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: وارثوں پر مال تقسیم کرنے کی ترتیب جامع وضاحت کے ساتھ قلم بند کیجئے۔

سوال نمبر 2: (ماں، باپ، 10 بیٹیاں) مذکورہ مسئلہ مع وضاحت حل کیجئے۔

سوال نمبر 3: کسی وارث کے حصہ سے نکل جانے کی صورت میں باقی ورثاء پر مال کس طرح تقسیم ہوگا؟ وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 4: ذی رحم وارثوں کی اقسام مع وضاحت جامع انداز میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: مرتد کے مال کا حکم بالتفصیل تحریر کیجئے۔

## حصہ اول: معروضی
## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: جو اپنے مال میں بخل کرے اسے۔۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) کنجوس (ب) شیح (ج) متکبر (د) شماتت

سوال نمبر 2: شہرت کی خواہش۔۔۔۔عمل ہے۔

(الف) محبوب (ب) مذموم (ج) ضروری (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 3: حسد کرتے ہوئے۔۔۔۔نے حضور ﷺ کی رسالت کا انکار کیا۔

(الف) عیسائی (ب) نصاریٰ (ج) یہود (د) کافر

سوال نمبر 4: منافست لغت میں۔۔۔۔سے مشتق ہے۔

(الف) نَفَاسَتُ (ب) نِفَاسَتُ (ج) نفسوس (د) نفس

سوال نمبر 5: اگر نعمت ایسی ہو جس سے فائدہ اٹھانا جائز ہو تو رشک۔۔۔۔ہے۔

(الف) مستحب (ب) مکروہ (ج) جائز (د) مباح

سوال نمبر 6: حسد کا سب سے سخت سبب۔۔۔۔ہے۔

(الف) دشمنی (ب) تکبر (ج) تعجب (د) تعزز

سوال نمبر 7: خود پر دوسرے کی برتری کو برداشت نہ کرنا۔۔۔۔ہے۔

(الف) تعزز (ب) شماتت (ج) تکبر (د) تعجب

سوال نمبر 8: ربوبیت کے معنی۔۔۔۔ہے۔

(الف) کمال میں منفرد (ب) روشنی (ج) تصور (د) موجودہ اشیاء

سوال نمبر 9: حسد کا دینی ضرر۔۔۔۔ہے۔

(الف) اللہ کی ناراضی (ب) کچھ نہیں (ج) ایمان کی بربادی (د) نفرت

سوال نمبر 10: مال و جاہ کی محبت کے۔۔۔۔اسباب ہیں۔

(الف) 3 (ب) 2 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 11: دینی نعمت جو واجب ہو اس پر رشک۔۔۔۔ہے۔

(الف) واجب (ب) مکروہ (ج) مباح (د) مستحب

سوال نمبر 12: قیامت کے دن ریاکار کو۔۔۔۔ناموں سے بلایا جائے گا۔

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 4 (د) 2

سوال نمبر 13: پوشیدہ عمل کی فضیلت اعلانیہ عمل پر۔۔۔گنا زیادہ ہے۔

(الف) 10　(ب) 30　(ج) 60　(د) 70

سوال نمبر 14: جب الحزن وادی۔۔۔۔میں ہے۔

(الف) دنیا　(ب) جنت　(ج) جہنم　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 15: عبادت کو مال وجاہ کا ذریعہ بنانا۔۔۔۔ہے۔

(الف) مستحب　(ب) مباح　(ج) عبادت　(د) حرام

سوال نمبر 16: علت، قلّت، ذلت سے۔۔۔۔خالی نہیں ہوتا۔

(الف) یہودی　(ب) مومن　(ج) عیسائی　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 17: اپنی تعریف پر خوش ہونے والا شیطان کو اپنے۔۔۔۔میں داخل کرلیتا ہے۔

(الف) دل　(ب) دماغ　(ج) پیٹ　(د) روح

سوال نمبر 18: جنگ۔۔۔۔میں حضور ﷺ کے دندان مبارک شہید ہوئے۔

(الف) احد　(ب) بدر　(ج) احزاب　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 19: ریاکاری۔۔۔۔ہے۔

(الف) جائز　(ب) حرام　(ج) مستحب　(د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 20: ۔۔۔۔کسی سے حسد نہیں کرتے۔

(الف) عارفین　(ب) مسلمان　(ج) کفار　(د) یہود و نصاریٰ

سوال نمبر 21: حسد۔۔۔۔کی صفت ہے۔

(الف) دل　(ب) دماغ　(ج) جسم　(د) روح

سوال نمبر 22: شرک اصغر۔۔۔۔کو کہتے ہیں۔

(الف) تکبر　(ب) ریا　(ج) جھوٹ　(د) غیبت

سوال نمبر 23: کسی کی مصیبت پر خوش ہونا۔۔۔۔کہلاتا ہے۔

(الف) تکبر　(ب) غیبت　(ج) شماتت　(د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر 24: دل کا مالک ہونا۔۔۔۔کے مالک ہونے سے بڑا رتبہ رکھتا ہے۔

(الف) جان　(ب) اولاد　(ج) مال　(د) خون

سوال نمبر 25: حسد کے۔۔۔۔درجات ہیں۔

(الف) 2　(ب) 3　(ج) 4　(د) 1

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عالمیہ اول** | پرچہ: **ساتواں** | مضمون: **التصوف**

تاریخ: **20-02-2024** | دن: **منگل** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔(15x3=45)**

سوال نمبر 1: ریاکاری کو دور کرنے والے امور تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: کسب افضل ہے یا ذکر الٰہی؟

سوال نمبر 3: حسد اور رشک کے اسباب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: حب جاہ کی مذمت پر دو احادیث مبارکہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: معلومات کی کتنی اور کون سی اقسام ہیں؟

سوال نمبر 6: بزرگان دین کا اپنی تعریف کو ناپسند کرنے کی کیا وجہ ہے؟

سوال نمبر 7: عبادت کے ذریعے ریاکاری کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں؟

سوال نمبر 8: اگر دوران نماز ریاکاری پر نادم ہو کر معافی کا طالب ہو تو نماز کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 9: طالب جاہ کی منزلت کے کتنے اور کونسے اوصاف ہیں؟

سوال نمبر 10: علم اور مال میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 11: ریاکاری کے متعلق 2 فرامین بزرگان دین تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: تکبر کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: حسد کا دینی ضرر کیا ہے؟

سوال نمبر 14: خوف خدا سے رونا کب ریاکاری ہے اور کب نہیں؟

سوال نمبر 15: مذمت کرنے والے کی کتنی اور کون سی حالتیں ہیں؟

سوال نمبر 16: لوگوں کی ضرورت پوری کرنے والا کیا امید رکھے؟

سوال نمبر 17: عمل سے پہلے، عمل کے دوران اور عمل کے بعد مرید پر کیا کیا امور ضروری ہیں؟

سوال نمبر 18: شہرت کے متعلق 3 اقوال بزرگان دین تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: عمل ظاہر کرنے کی کتنی اور کونسی صورتیں ہیں؟ صورتوں کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: واعظ کی تعریف تحریر کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔(3x10=30)**

سوال نمبر 1: حسد کے کتنے اور کونسے اسباب ہیں؟ تمام اسباب کی مختصر وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 2: کون سی چیزوں کے ذریعے ریاکاری ہوتی ہے؟ وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 3: قابل تعریف خوشی کتنی اور کونسی ہے؟

سوال نمبر 4: گناہ چھپانے کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں؟

سوال نمبر 5: مدح کو پسند کرنے اور مذمت کو ناپسند کرنے کے اسباب تحریر کیجئے۔

سالانہ امتحان2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

رول نمبر: ______________

درجہ: عالمیہ اول　　پرچہ: آٹھواں　　مضمون: اصول التحقیق

تاریخ: 21-02-2024　　دن: بدھ　　کل وقت: 30منٹ　　کل نمبر: 25

دستخط طالبہ: ______

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط مفتشہ: ______

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: مقالہ کے لیے اصطلاح بحث علمی رائج ہے۔

(الف) عرب کے چند جامعات میں　　(ب) تمام جامعات میں

(ج) پاکستان کے تمام جامعات میں　　(د) کسی میں نہیں

سوال نمبر 2: مشروع البحث سے۔۔۔ مراد ہے۔

(الف) تحقیقی منصوبہ　　(ب) تحقیقی سرگرمی　　(ج) علمی تحقیق　　(د) علمی بحث

سوال نمبر 3: نئی چیزوں کو دریافت کرنا۔۔۔ تحقیق کا مقصد ہے۔

(الف) نظریاتی　　(ب) اخلاقی　　(ج) علمی　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 4: مصادر کے اعتبار سے تحقیق کی۔۔۔ اقسام ہیں۔

(الف) 3　　(ب) 4　　(ج) 5　　(د) 2

سوال نمبر 5: تدوین کا معنی۔۔۔ ہے۔

(الف) عمدہ　　(ب) خوبصورت　　(ج) بنانا　　(د) تعمیر کرنا

سوال نمبر 6: بلاشبہ۔۔۔ ایک حیات بخش اور فکری سرگرمی ہے۔

(الف) بحث علمی　　(ب) علمی تحقیق　　(ج) فکری تحقیق　　(د) کوئی نہیں

سوال نمبر 7: ۔۔۔ نے یونیورسٹی مقالہ کی ایک جدید اور جامع تعریف پیش کی ہے۔

(الف) آئن سٹائن　　(ب) بو علی سینا　　(ج) آرتھ کول　　(د) ڈاکٹر خالق

سوال نمبر 8: عام طور پر مقدمہ اور تقدیم کو شمار کیا جاتا ہے۔

(الف) مختلف چیزیں　　(ب) ایک ہی　　(ج) مقابل　　(د) متغایر چیزیں

سوال نمبر 9: موضوع کے انتخاب کے لیے طریقے رائج ہے۔

(الف) 3　　(ب) 2　　(ج) 4　　(د) 1

سوال نمبر 10: منطق ایک ایسا علم ہے جو انسانی فکر اور شوق کو۔۔۔ کرتا ہے۔

(الف) منتشر　　(ب) منظّم　　(ج) قوی　　(د) مخالف

سوال نمبر 11: ۔۔۔ کا مقصد نئی چیزوں کو دریافت کرنا ہے۔

(الف) نظریاتی تحقیق　　(ب) انفرادی تحقیق　　(ج) اطلاقی تحقیق　　(د) مشترکہ تحقیق

سوال نمبر12: لائبریری یونیورسٹی کا۔۔۔ہے۔

(الف) دل (ب) پھیپڑا (ج) جگہ (د) گردہ

سوال نمبر13: دور حاضر کی اصطلاح میں۔۔۔کسی موضوع میں تخصص سے عبارت ہے۔

(الف) تحقیقی منصوبہ (ب) علمی تحقیق (ج) اطروحہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14: تحقیق کے لیے مراجع اور مصادر کا دستیاب ہونا۔۔۔ہے۔

(الف) مناسب (ب) ضروری نہیں (ج) انسب (د) انتہائی ضروری

سوال نمبر15: مسلمانوں نے اپنے اسلاف کی کتابوں پر شروحات لکھنا۔۔۔سے شروع کی۔

(الف) چوتھی صدی (ب) پانچویں صدی (ج) تیسری صدی (د) چھٹی صدی

سوال نمبر16: اگر کسی کتاب کے تین یا اس سے زائد مؤلف ہوں تو۔۔۔کا نام لکھا جائے گا۔

(الف) پہلے دو (ب) صرف اول (ج) تمام (د) کوئی نہیں

سوال نمبر17: تھیسز کے مترادف کے طور پر ایک نیا لفظ۔۔۔بھی استعمال ہونے لگا ہے۔

(الف) مشروع البحث (ب) مشروع (ج) علمی تحقیق (د) مقالہ

سوال نمبر18: موضوع کے اعتبار سے تحقیق کی اقسام دراصل۔۔۔کی انواع کے لحاظ سے ہیں۔

(الف) علم ومعرفت (ب) بلاغت (ج) علم بیان (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: محقق کے لیے ضروری ہے کہ وہ غیر مدلل آراء سے۔۔۔کرے۔

(الف) رجوع (ب) اجتناب (ج) نظر ثانی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر20: مخطوطات۔۔۔ہونے کی حیثیت سے انتہائی قیمتی سمجھے جاتے ہیں۔

(الف) جدید ورثہ (ب) سرمایہ (ج) تاریخی ورثہ (د) تینوں

سوال نمبر21: فارجی ٹائٹل میں ہمیشہ۔۔۔کا نام لکھا جاتا ہے۔

(الف) کتاب (ب) مصنف (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر22: جو کم الفاظ پر مشتمل ہو اور زیادہ معانی سمجھا دینے والا ہو وہ۔۔۔ہے۔

(الف) مناسب کلام (ب) بہترین کلام (ج) عام کلام (د) کوئی نہیں

سوال نمبر23: ایک چیز درست ہے یا غلط تیسری کوئی صورت نہیں یہ قانون۔۔۔ہے۔

(الف) قانون تعلیل (ب) الثالث مرفوع (ج) عدم تناقض (د) ذاتیت

سوال نمبر24: بعض تحقیقات اپنے۔۔۔کے اعتبار سے انتہائی جاذب ہوئی ہیں۔

(الف) وسیع ہونے (ب) موضوع (ج) مختصر (د) تینوں

سوال نمبر25: معیار کے اعتبار سے تحقیق کی۔۔۔اقسام ہیں۔

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 2 (د) 5

| | | |
|---|---|---|
| کنزالمدارس بورڈ پاکستان (KANZUL MADARIS BOARD) | **سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**<br>**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**<br>درجہ: **عالمیہ اول** — پرچہ: **آٹھواں** — مضمون: **اصول التحقیق**<br>تاریخ: **21-02-2024** — دن: **بدھ** — کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** — کل نمبر: **75** | رول نمبر: ____________<br>جوابی کاپی نمبر: ____________ |

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: آرتھ کول نے یونیورسٹی مقالہ کی کیا تعریف کی ہے؟

سوال نمبر 2: مدت کے اعتبار سے تحقیق کی اقسام بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: ہوامش کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 4: تدوین سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 5: علمی تحقیق کے مقاصد کو جمال الدین قاسمی نے کس طرح بیان کیا ہے؟

سوال نمبر 6: مصادر کے اعتبار سے تحقیق کی اقسام کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: تحقیق کے لیے کن قواعد و ضوابط کو ملحوظ رکھنا چاہیے؟ نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: مدت کے اعتبار سے تحقیق کا کیا مطلب ہے؟ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 9: علمی تحقیق کی اہمیت واضح کیجئے۔

سوال نمبر 10: کسی اسلامی ملک کے کتب خانوں کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: بحث علمی کے لفظی معنی نیز تعریف قلم بند کیجئے۔

سوال نمبر 12: مخطوطات کی اصطلاحات میں سے نص اور متن کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 13: کتاب کے اجزاء کے فقط نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: حاشیے میں مرجع ذکر کرنے کا کسی بھی زبان میں کوئی عملی نمونہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: محقق طالب علم اور نگران تحقیق کے درمیان کیا ربط و تعلق ہونا چاہیے؟

سوال نمبر 16: اسلامی مخطوطات کو تاتاریوں اہل یورپ سے کس طرح نقصان ہوا؟

سوال نمبر 17: لائبریری کی اہمیت واضح کیجئے۔

سوال نمبر 18: تحقیق وتدوین سے کیا مقصد ہوتا ہے؟ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 19: مشروع البحث کی تعریف قلمبند کیجئے۔

سوال نمبر 20: منہج عامہ سے کیا مراد ہے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: مخطوطات کی تاریخ اور تعارف سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر 2: عہد نبوی، عہد فاروقی اور تیسری صدی میں کتابت کا فن کس طرح پروان چڑھا؟

سوال نمبر 3: موضوع کے انتخاب کے لیے دو طریقے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: عربی کتاب کی تحریر وکتابت کے چند بنیادی قواعد قلم بند کیجئے۔

سوال نمبر 5: تدوین مخطوطات کی اہمیت پر نوٹ تحریر کیجئے۔